# ماہانہ تربیتی پروگرام – مئی 2024ء

## (پروگرام کاپی)

1. **دعوت سے متعلق قرآنی آیات**

تربیتی پروگرام سے قبل تمام رفقاء تفویض کردہ آیات (مع ترجمہ) یاد کر لیں (حفظ کر لیں)۔
پروگرام کے دوران، رفقاء کو دو یا تین افراد کے گروپ میں تقسیم کیا جائے اور تمام رفقاء ان آیات کو ترجمہ کے ساتھ گروپ کے دیگر رفقاء کے سامنے پیش کریں۔ (10 منٹ)

سورہ النحل 16:125

سورہ الفصلت 41:33

سورہ آل عمران 3:104

2. **مختصر درس قرآن:** سورہ الفصلت - آیات 41: 33-35 (20 منٹ)

3. **کتاب کی تلخیص:** دعوہ :کیا اور کیسے؟؟ از -: انجینئر عبدالرقیب (20 منٹ)

4. **رول پلے:** مختلف حالات میں دعوتی گفتگو کیسے شروع کی جائے (20 منٹ)
رفقا درج ذیل میں سے کسی ایک کا کردار ادا کریں گے:
(آفس کے ساتھی کے ساتھ، ہیلتھ کلینک میں، کتابوں کی دکان میں، شادی میں، کسی خیراتی تقریب میں، ٹیکسی میں، فلائٹ میں، میوزیم میں، بک کلب میٹنگ میں، کسی غیر مسلم دوست کے گھر پر، لائبریری میں، بیمار کی عیادت کے موقع پر، کسی قیدی سے ملاقات کے موقع پر)

5. **پینل ڈسکشن** بعنوان میقاتی منصوبہ میں دعوت --- (20 منٹ)
رفقاء پروگرام سے قبل میقاتی منصوبہ سے دعوت کے اہداف کا مطالعہ کر کے آئیں۔ پروگرام سے قبل دو سے تین افراد کا پینل تشکیل دیا جائے گا۔

6. **مربی کی تقریر:** شہادت حق – (20 منٹ)